45902 ـ ویزا کارڈ کے ساتھ لین دین کرنا حرام ہے، اور کیا وہ اپنے ذمہ رقم کی ادائیگی کرے؟

سوال

ویزا کارڈ کی بنا پر پانچ برس سے میرے ذمہ بنك کے (5800) ریال ہیں میں نے اس بنا پر ادا نہیں کیے کہ مجھے علم ہے یہ حرام ہیں، اور یقینی طور پر مجھے علم نہیں کہ میں نے کتنی رقم نکلوائی ہے، اب بنك مجھ سے وہ پوری رقم ادا کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں حالانکہ میں نے (3500) ریال سے زیادہ نہیں نکلوائے، تو کیا میں ادائیگی کروں یا نہ ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب آپ کو یہ علم ہے کہ آپ نے (3500) ریال سے زیادہ نہیں نکلوائے تو اگر آپ استطاعت رکھتے ہیں تو پھر اس رقم سے زیادہ کی ادائیگی نہ کریں.

اور اگر استطاعت نہیں رکھتے (وہ اس طرح کہ آپ کو قید وغیرہ کو دھمکی ہو) تو پھر آپ ان سے بات چیت کے ذریعہ رقم کم کروائیں اور اس کے ساتھ ساتھ اس حرام معاہدے پر اللہ تعالی کے ہاں توبہ و استغفار کریں.

واللہ اعلم .